عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 5 نومبر 2026ء/ 24 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 218

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اہم ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

پنجاب کے تعاون سے بلوچستان میں سیکیورٹی مانیٹرنگ کا نظام جدید بنایا جائے گا، صوبوں کے درمیان تعاون عوامی تحفظ کے مشترکہ اہداف کے حصول میں معاون ہوگا

سیف سٹی منصوبے شہریوں کے تحفظ کی مضبوط بنیاد ہیں، بلوچستان میں جدید سیکیورٹی نظام کا قیام اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا منصوبے پر مشترکہ تعاون پر اتفاق

کوئٹہ میں مختلف محکموں کی کارکردگی کا جائزہ، ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس

تمام محکمے باہمی رابطے اور شفافیت کے ساتھ ذمہ داریاں ادا کریں، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں مختلف محکموں کی جانب سے جاری (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پشکان لنک روڈ کی تعمیر کے لیے آئندہ ہفتے ٹینڈر جاری ہوگا

میرین ڈرائیو پر سڑک کی مرمت اور بحالی کا کام فوری شروع کرنے کا فیصلہ

گوادر (خ ن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان کی سربراہی میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ایک اجلاس ہوا جس میں پشکان لنک روڈ، سربندر لنک روڈ پر پل کی تعمیر (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

لکی مروت، خودکش بمبار سمیت 2 دہشت گرد ہلاک، ایک زخمی

دہشت گردوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد، ٹانک میں تھانے پر حملے میں 3 پولیس اہلکار زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں پولیس نے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش، موسم خوشگوار

طویل خشک سالی کے بعد بارش سے شہریوں کے چہرے کھل اٹھے، پہاڑوں پر موسلا دھار بارش، بارش کا سلسلہ آئندہ 24 گھنٹے تک جاری رہنے کا امکان

طویل خشک سالی کے بعد بارش سے موسم میں خوش گوار تبدیلی آئی ہے بارش نہ صرف ماحول سے گرد و غبار کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے بلکہ خشک سالی کے اثرات میں کمی اور قدرتی ماحول کی بہتری کے لیے بھی اہم ہے شہری

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش سے موسم خوش گوار اور سرد ہوگیا، جبکہ طویل خشک سالی کے بعد بارش برسنے پر شہریوں کے چہرے کھل اٹھے۔ بارش سے فضا میں موجود گرد و غبار میں کمی آنے اور موسم میں خوش گوار تبدیلی کے باعث شہریوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

سوراب، ریسکیو سینٹر 1122 گدر سے نامعلوم مسلح افراد ایمبولینس چھین کر فرار، پولیس بے بس

اہلکاروں سے اسلحہ واپس لینا انتظامی نااہلی ہے، عوامی تحفظ پر مامور فورس خود غیر محفوظ ہو چکی، شدید تشویش کا اظہار

سوراب (جی این ایم) ضلع سوراب میں امن و امان کی ابتر صورتحال اور پولیس کی مبینہ غفلت کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں نامعلوم مسلح افراد پولیس اہلکاروں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ٹی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا، امیر مقام

وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان کا بگرام میں جلسے سے خطاب، کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور ارکان اسمبلی پر شدید تنقید

پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی حکومت کی بحالی کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں 13 سالہ دور اقتدار میں عوام کو کرپشن اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں دیا

بگرام (جی این ایم) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا بگرام میں یومِ نجات کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور ارکان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

مولانا ہدایت الرحمان کو جواب دینا توہین سمجھتا ہوں، یونس عزیز زہری

محکمہ کھیل سے متعلق میرے تحفظات کی گورنر بلوچستان نے بھی توثیق کر دی، اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ وہ مولانا ہدایت الرحمان کی باتوں کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھتے، وقت آنے پر ان کے دوست اس کا جواب دیں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ محکمہ کھیل و ثقافت سے متعلق ان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایل پی جی مافیا کا دور ختم، عام آدمی کو ریلیف دیں گے، وزیراعظم

ایل پی جی مافیا کا دور ختم، ایل پی جی امپورٹ کر کے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، جو پیٹرول پمپس ریلیف پیکج پر پیٹرول نہیں دے رہے ان کیخلاف کارروائی کی جائے، شہباز شریف کا کابینہ اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی امن و استحکام کے لئے پاکستان کی مخلصانہ کوششیں جاری ہیں، خطے میں باہمی تعاون بڑھانے کیلئے مکہ دفاعی معاہدہ کیا گیا، وزیر اعظم نے ایل پی جی امپورٹ کر کے عام آدمی کو ریلیف دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا کا دور ختم ہو چکا ہے، ایل پی جی امپورٹ کر کے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، بجلی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا، فیول سبسڈی دسمبر تک جاری رہے گی۔ بدھ کو کابینہ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے پیٹرول پمپس پر بے ضابطگیوں کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ عوامی ریلیف کے لیے فیول سبسڈی اسکیم شروع کی گئی، ریلیف پیکج کی مد میں 28 ارب روپے رکھے گئے، جس سے ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد براہ راست استفادہ کر چکے ہیں۔ یہ پروگرام دسمبر کے آخر تک جاری رہے گا۔ جو پیٹرول پمپس ریلیف پیکج پر پیٹرول نہیں دے رہے ایسے پیٹرول پمپس کو صرف بند نہیں کیا جائے گا بلکہ بھاری جرمانے بھی کیے جائیں گے تاکہ دوسروں کے لیے مثال قائم ہو، انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اقوام متحدہ میں پاکستان کی پیش کردہ 3 قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور

تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی کے امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی پیش کردہ قراردادوں کی منظوری دی

یہ قراردادیں خطرات میں کمی، اعتماد کے فروغ اور بین الاقوامی و علاقائی امن و استحکام کے لئے عملی اور تعاون پر مبنی راستے فراہم کرتی ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) اقوام متحدہ کی 81 ویں جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ تین قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور کر لی ہیں۔ قراردادیں جوہری ہتھیار نہ رکھنے والی ریاستوں کے لئے سلامتی کی یقین دہانیوں، علاقائی اسلحہ کنٹرول اور اعتماد سازی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

امریکی مڈٹرم الیکشن، ڈیموکریٹ مسلم امیدوار عبدل السید کامیاب، ریپبلکن امیدوار کو شکست

میرے نام کو نشانہ بنایا گیا مگر میں نے ٹرمپ کے الزامات کے باوجود جہد و جہد جاری رکھی، عبدل السید

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی مڈٹرم الیکشن میں مشی گن سے ڈیموکریٹ پارٹی کے امیدوار عبدل السید کامیاب ہوگئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق مشی گن میں ڈیموکریٹ عبدل السید نے سینیٹ کی نشست پر مائک راجرز کو شکست دیدی۔ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

تحصیل پسنی کے 27 موضعات کا اراضی ریکارڈ مکمل ہونے کے قریب، مولانا ہدایت

پسنی کے عوام کو زمینوں کے ریکارڈ سے متعلق دیرینہ مشکلات سے نجات ملے گی، ایم پی اے

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈپٹی کمشنر آفس میں تحصیل پسنی کے 27 موضعات کی لینڈ سیٹلمنٹ، ریکارڈ کی تکمیل اور منتقلی سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ تحصیل پسنی کے عوام گزشتہ کئی برسوں، بالخصوص 2015 سے، زمینوں کی سیٹلمنٹ اور درست (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

گوادر ٹیچنگ ہسپتال میں اکتوبر کے دوران 11 ہزار 645 مریضوں کا معائنہ

ہسپتال میں ایک ماہ کے دوران ہزاروں مریضوں کو طبی اور تشخیصی سہولیات فراہم کی گئیں

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے صحت عامہ وژن کے تحت عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اسی سلسلے میں میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں اکتوبر 2026 کے دوران ہزاروں مریضوں کو علاج، تشخیص، طبی معائنے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ایاز صادق کی فازمیزائل کے کامیاب تجربے پر قوم، مسلح افواج، سائنسدانوں کو مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مقامی طور پر تیار کردہ فضا سے فضا میں مار کرنے والے فازمیزائل (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

افغانستان میں طالبان رجیم مخالف گروہوں کی مسلح کارروائیاں تیز، مزید حملوں کے دعوے

کابل (جی این ایم) افغانستان کے مختلف صوبوں میں طالبان رجیم مخالف مسلح گروہوں کی کارروائیوں میں تیزی آنے کے دعوے سامنے آئے ہیں۔ زاحمتی گروپوں نے متعدد حملوں (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے مسٹر مارک ایلیٹ کی قیادت میں ماسٹر کارڈ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ساجد ترین ایڈووکیٹ اور اسد قیصر کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ

جلد آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد پر اتفاق، تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کا عزم

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی رابطوں سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے جلد آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

کرپشن ہمارے معاشرہ کا سب سے بڑا مسئلہ ہے، خواجہ آصف

چوہدری سالک کا پنجاب میں کرپشن سے متعلق بیان میری سمجھ سے باہر ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے اتحادی جماعت پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں کرپشن کے حوالے سے عائد کیے الزامات پر ردعمل میں کہا ہے کہ ان کا بیان میری سیاسی سمجھ سے باہر ہے لیکن اگر یہ مستقبل کے کسی سیاسی ایجنڈے کا حصہ ہے تو سمجھ میں آتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ چوہدری سالک میرے لیے بہت محترم ہیں، ان (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال خان ناصر سے ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹس چوہدری محمد علی رندھاوا ملاقات کر رہے ہیں

برطانیہ کا دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کیساتھ تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان انسدادِ دہشت گردی سے متعلق دوطرفہ مذاکرات، سکیورٹی کی صورتحال، دہشت گرد تنظیموں سے لاحق خطرات اور علاقائی استحکام کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

دونوں فریقین نے خطے سمیت عالمی صورتحال پر تعمیری تبادلہ خیال کیا اور دہشت گرد تنظیموں، خصوصاً سرحد پار سرگرم دہشت گرد ٹی ٹی پی اور داعش سے لاحق خطرات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان انسدادِ دہشت گردی سے متعلق دوطرفہ مذاکرات ہوئے، جن میں خطے اور عالمی سطح پر سکیورٹی کی صورتحال، دہشت گرد تنظیموں سے لاحق خطرات اور علاقائی استحکام کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل کاؤنٹر ٹیررازم ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے کی، مذاکرات کے دوران برطانوی وفد نے پاکستان میں دہشت گردی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

صوبائی ایکشن پلان پر مؤثر عملدرآمد اور سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ

تمام ادارے باہمی رابطے سے امن و امان کی بہتری کے لیے کردار ادا کریں، مجیب الرحمٰن قمبرانی

رخشنی (خ ن) کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن کی زیرِ صدارت بلوچستان انیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کا جائزہ اجلاس رخشنی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی زیرِ صدارت بلوچستان انیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر (BISA) اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوہِ سلیمان (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

جو اصلاحات 78 سال میں نہیں ہو سکیں وہ ڈیڑھ سال میں نہیں ہو سکتیں، اورنگزیب

پاسکو، یوٹیلٹی اسٹورز اور پی ڈبلیو ڈی کو رائٹ رائزنگ کے تحت بند کیا گیا، 26 اداروں کی نجکاری بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وفاقی وزیر خزانہ کا خطاب

ڈاکٹر عشرت حسین نے پاکستان میں معاشی اصلاحات کو نئی بلندیاں دیں معاشی ترقی کے فائدے ہر گھر تک پہنچنا ضروری ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک محمد جمیل احمد

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ 78 سال میں جو اصلاحات نہیں ہو سکیں وہ ایک سے ڈیڑھ سال میں نہیں ہو سکتیں، پاسکو، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن اور پی ڈبلیو ڈی کو رائٹ رائزنگ کے تحت بند کیا گیا۔ 26 سرکاری اداروں کی نجکاری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام جاری کانفرنس کے دوسرے روز اپنے خطاب میں کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کابینہ کی ایس او ایز کمیٹی میں رائٹ رائزنگ پر کام کیا گیا، جس کے بعد یوٹیلٹی اسٹور کارپوریشن، پی ڈبلیو ڈی اور پاسکو کی رائٹ سائزنگ کی گئی۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ایس او ایز کمیٹی میں سابق گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عشرت حسین کی اصلاحات پر مبنی رپورٹ بڑی کارآمد رہی۔ سرکاری اداروں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

اقبال ڈے، تمام بینک مسلسل 3 دن بند رہیں گے

کراچی (جی این ایم) اقبال ڈے کے موقع پر اسٹیٹ بینک نے اعلان کرتے ہوئے کہا 7 نومبر سے 9 نومبر تک ملک بھر میں بینک بند رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

تکنیکی و آپریشنل وجوہات کے باعث 8 پروازیں منسوخ

کراچی (جی این ایم) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث 8 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ منسوخ ہونیوالی پروازوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

توہین مذہب کیس میں ججوں کو بھی جلن کا خطرہ لاحق ہے، اعجاز اسحاق

ریاست ججوں اور گواہوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ نے توہین مذہب کیس کے مجرم کی سزا معطل کر کے ضمانت منظور کر لی

توہین مذہب کیس کی سماعت کے دوران لگتا تھا کوئی آئے گا اور مجھے گولی مار کر چلا جائے گا، ریاست منافقت کرتی ہے، جواب دوں گا تو ایک اور ریفرنس دائر ہو جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توہین مذہب کیس میں سزا میں پانچ ماہ 25 دن باقی رہ جانے والے مجرم کی سزا معطلی کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ سزا کیخلاف مرکزی اپیلوں کو دو ہفتے بعد سماعت کے لیے مقرر کر دیا۔ جسٹس اعجاز اسحاق نے ریمارکس دیے کہ توہین مذہب کیس کی سماعت کے دوران لگتا تھا کوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سابق وفاقی وزیر اسعد محمود کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر نیب نے طلب کر لیا

پشاور (جی این ایم) سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے گرد غیر قانونی بھرتیوں کا معاملہ سنگین ہو گیا۔ اس سلسلے میں نیب اور ایف آئی اے کے باضابطہ نوٹسز بھی سامنے آ گئے۔ رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ نے عالمی اعزاز اپنے نام کر لیا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ کو عالمی سطح پر انڈسٹری چیمپئن آف دی ایئر 2026 کے اعزاز سے نواز دیا گیا۔ فاسٹ موڈا ایوارڈز (باقی صفحہ 2 نمبر 16)



اسلام آباد، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام اور انٹرنیشنل کالج آف ایکسی لینس پاکستان کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے جارہے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں اصلاحات اور استعداد کار بڑھانے کا فیصلہ

محصولات کے اہداف کے حصول کے لیے جدید مہارتوں سے استفادہ کیا جائے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی استعداد کار میں اضافے، محصولات کے سالانہ اہداف کے حصول اور ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات اور قابل عمل حکمت عملی کا جائزہ لینے سے متعلق اہم اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، محصولات کے حصول کی صورتحال اور انتظامی و ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ٹریفک قوانین کی پابندی کے لیے کوئٹہ میں آگاہی ریلی

ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ اور مقررہ رفتار کی پابندی سے حادثات کی روک تھام ممکن ہے، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ٹریفک ویک کے سلسلے میں کوئٹہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی ریلی اور کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی، ایس پی صدر کوئٹہ اور ٹریفک پولیس کے ایس پیز نے کی۔ اس موقع پر شرکاء نے ٹریفک قوانین کی پابندی، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال، مقررہ رفتار (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو میں پولیو مہم کے دوران ہر بچے کو قطرے پلانا یقینی بنایا جائے، عبدالحمید زہری

پولیو کے خاتمے کے لیے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر کوہلو

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ضلع میں جاری چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کے دوسرے روز اوپننگ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر عالمگیر خان زرکون، اسسٹنٹ کمشنر کوہلو یحییٰ خان، اسسٹنٹ کمشنر میر مہند سمیع الحق، تحصیلدار پنھل خان سیلاچی، نائب تحصیلدار جلال مری سمیت انتظامی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

آبنائے ہرمز کے قریب بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر چار آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

تہران (جی این ایم) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب ممنوع قرار دیئے گئے سمندری راستے سے گزرنے کی کوشش کے دوران چار آئل (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

متعدد پاکستانی امریکن امیدوار بھی ریاستی انتخابات میں کامیاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے مڈٹرم الیکشن میں متعدد پاکستانی امریکن امیدوار بھی ریاستی انتخابات میں کامیاب ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سردیوں میں لوڈشیڈنگ کا شیڈول، گھروں میں صرف 8 گھنٹے گیس ملے گی

گھریلو صارفین کو صبح 6 بج کر 30 منٹ سے 9 بجے تک گیس فراہم کی جائے گی، جب کہ دوپہر 12 بجے سے ڈھائی بجے تک گیس دستیاب ہوگی

رات کے اوقات میں شام 6 بجے سے رات 9 بجے تک گھریلو صارفین کو گیس فراہم کی جائے گی، عمل درآمد شروع

اسلام آباد (جی این ایم) سوئی سدرن گیس کمپنی موسم سرما میں گیس کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے نئی حکمت عملی جاری کر دی، جس کے تحت گھریلو صارفین کو روزانہ صرف 8 گھنٹے گیس فراہم کی جائے گی۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق گیس فراہمی کے اوقات صبح، دوپہر اور رات کے لیے مقرر کیے گئے ہیں، جن کا اطلاق بدھ کے روز سے ہو گیا۔ ترجمان کے مطابق گھریلو صارفین کو صبح 6 بج کر 30 منٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

خضدار، غلامانی چوک سے معروف تاجر اغوا، احتجاجاً کوئٹہ - کراچی قومی شاہراہ بلاک

انتظامیہ کے ساتھ کامیاب مذاکرات اور فوری بازیابی کی یقینی دہانی پر شاہراہ ٹریفک کے لیے کھول دی گئی

خضدار (جی این ایم) خضدار سے تاجر اغوا، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک۔ انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔ خضدار کے معروف چوک غلامانی چوک سے مسلح افراد نے تاجر بہاول خان غلامانی کو اغوا کر لیا، احتجاجاً خضدار زیرو پوائنٹ سے دہائیوں سے سرگرم مافیا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

سیمتوی شاہراہ بلاک کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار غلامانی چوک دکان سے نامعلوم مسلح افراد نے میر بہاول خان غلامانی کو اغوا کر لیا۔ واقعے کے خلاف لواحقین اور مقامی آبادی نے قومی شاہراہ کو ہر قسم کی آمدورفت کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)



استنبول، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان ترکیہ کے وزیر تجارت پروفیسر ڈاکٹر عمر بولات سے ملاقات کر رہے ہیں

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ
زیبائے پاکستان
کوئٹہ
BID/27/353
چیف ایڈیٹر محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کمیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کمیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پشیل بارغ نزد چلڈرن ہسپتال کوارٹری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 30 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم این جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136822394/03332786582
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

ایران اور امریکہ واسرائیل کشیدگی

از قلم /// غلام رسول بلوچ

ایک مرتبہ پھر یہ خدشات بڑھ گئے ہیں کہ امریکہ و اسرائیل ملکر ایران پر حملہ کردیں، یہ حملہ اگر رونما ہوتا ہے تو خطے میں ایک مرتبہ پھر کشیدگی پیدا ہوجائے گی اور امن و امان کے شدید مسائل پیدا ہو جائیں گے۔ اس کشیدگی کے انتہائی منفی اثرات پاکستان پر بھی پڑسکتے ہیں۔ معاشی لحاظ سے اور امن و امان کے حوالے سے صورتحال بگڑ سکتی ہے جس کا خمیازہ پاکستان سمیت دیگر خطے کے ممالک کو بھگتنا پڑے گا۔ پاکستان نے سفارتکاری کے ذریعے اس جنگ کو رُکوانے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ پاکستان خطے میں امن کا خواہاں ہے۔ اگر ایران کے حالات عدم استحکام کا شکار رہتے ہیں تو معاشی طور پر خطے کے ممالک پر منفی اثرات مرتب ہونگے۔ عالمی برادری ان بات سے بخوبی آگاہ ہے۔ میڈیا سٹ اور مشرق وسطیٰ

جنگ کے پرچارکوں کی تیسری عالمی جنگ کو دعوت دے سکتی ہیں۔ خطے کے ممالک کا کردار انتہائی اہم ہے کہ وہ جنگ رُکوانے کے لیے سفارتکاری کریں۔ پاکستان خود اندرونی محاذوں پر اُلجھا ہوا ہے جس میں دہشت گردی کی لعنت ایک ناسور کی شکل میں سائے کھڑی ہے جس کے خلاف پاکستانی فوج اور قوم نبرد آزما ہے۔ بھارت ریاستی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردوں کو سپورٹ کرکے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتا ہے۔ پاکستان میں بھتی بھی دہشت گردی ہے اس کے پیچھے بھارت اور اسرائیل کی معاونت ہے اور افغان سرزمین و افرادی قوت کا استعمال ہے جو پاکستان کی خوشحالی کی سلگم کلھا خلاف ورزی ہے۔ پاکستانی قوم بہادر ہے اور افواج پاکستان کے جوان بھی جنگ کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ پاکستان کی جنگی صلاحیت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ پاکستان کی افواج نے ہمیشہ دشمن کے دانت کھٹے کیے ہیں۔ پاکستان کی افواج

(01)

میں محکمہ زراعت کے آفیسران اور زمینداروں کی شرکت کی ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر توسیع محمد انور زمرے نے شعبہ آفیسر ڈائریکٹر محمد اعظم اور دیگر نے ٹریننگ کوئٹہ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈوب کامران اسحاق ایڈیٹر جنرل خان مندوخیل اور سبزی آفیسران عبدالحفیظ ڈائریکٹر محمد اعظم اور دیگر نے زمینداروں اور کاشتکاروں کو گندم کی اہمیت، ضرورت اور جدید طریقہ کاشت کے حوالے سے تربیت فراہم کی اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ گندم پاکستان کی غذائی اہمیت کی حامل ہے اس لئے گندم کی اہمیت اور ضرورت کے پیش نظر ہمیں نہ صرف انسانوں بلکہ حیوانات کی خوراک کا بھی اہم ذریعہ ہے۔ گندم عظیم ایک فصل نہیں بلکہ مکمل غذائی تحفظ، معیشت اور روزگار سے بھی وابستہ ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہونے کے باوجود ہر سال گندم درآمد کرنے پر مجبور ہے، جس کی ایک بڑی وجہ ہمارے (5) 5 ہزار سے زائد انتخابی حلقہ جات کے لئے شناختی کارڈ کی بلاک ہونے والی تعداد کا تعین کیا جائے گا۔ انتخابات کروانے میں ناکامی پر الیکشن کمیشن کی جانب سے 3 مواقع بھی دیئے گئے جس کے بعد دفعہ 208 اور 209 کے تحت انتخابی شیڈول جاری کیا گیا۔ تاہم الیکشن کمیشن کی جانب سے درخواست مسترد کر دی۔ مخصوص نشستوں کے معاملے پر پارٹی سے متعلق جماعتوں کے تحریکی فہرست طلب کرنا ضروری تھا۔ پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن کو مزید وقت نہیں کروائی اب الیکشن کمیشن کا فیصلہ کرنا تھا کہ پی ٹی آئی آج بھی الیکشن کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے، جسس ریٹائرڈ منصوبہ شاہ کا پیان پیر کو روٹ سے آیکے۔

(02)

مطابق فضل الرحمان کے اہل خاندان اور قریبی رفقاء مالی بے ضابطگیوں اور قانونی خلاف ورزیوں کرش پلانٹنگ سرکل نے الزام لگایا ہے کہ ایف آئی اے نے طلب کیا ہے، اس الزام کا ایف آئی اے نے منی لانڈرنگ کرانے کے لئے تحقیقات کی ہیں، ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے مختلف افراد کے بیانات ریکارڈ کرانے کے لئے طلب کیا ہے، اس الزام کا ابتدائی انکوائری میں

10 ہزار ملازمتوں سے بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا، پروفیسر حلیم صادق

ہر سال لاکھوں نوجوان تعلیم مکمل کرکے روزگار کے منتظر ہیں، نوجوانوں کیلئے جامع روزگار پالیسی ناگزیر ہے

کوئٹہ (بی ایس ایم) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل صرف 10 ہزار ملازمتوں کے اعلان سے ممکن نہیں، کیونکہ صوبے میں ہر سال لاکھوں نوجوان مختلف تعلیمی اداروں (باقی صفحہ 03 نمبر 44)

محکمہ آبپاشی کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے کی ہدایت

سیسلیڈ ویژن کے کمشنر کا منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار یقینی بنانے پر زور

اڈلجی (ن ل) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت محکمہ آبپاشی کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگزیکٹو انجینئر (XEN) محکمہ آبپاشی ضلع ان پر ہونے والی (باقی صفحہ 03 نمبر 42)



کوئٹہ: بارہ میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی دلمحمد زرکزئی، ایم پی اے ملک نعیم خان بازئی، ایڈیشنل ایف آئی او شبیر احمد کاکڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر عبدالرحمان کاکڑ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ثناء اللہ زہری اور دیگر اہم افسران موجود ہیں

ایک ریٹائرڈ جج آئین و قانون کے خلاف موقف پیش کر رہا ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

عدالتی ریکارڈ ادھورے تناظر اور یکطرفہ تشریحات کے ذریعے پیش کرنا غیر مناسب ہے، پی ٹی آئی آج بھی کمیشن کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے

جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کا بیان سپریم کورٹ کے حتمی فیصلوں کے منافی ہے، جسٹس (ر) منصور علی شاہ کے غیر عملی ڈی وی آئنز پر ردعمل

اسلام آباد (بی ایس ایم) ترجمان الیکشن کمیشن نے سابق جج کے موقف کو آئینی و قانونی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ عدالتی ریکارڈ ادھورے ہے تناظر اور یکطرفہ تشریحات کے ذریعے پیش کرنا غیر مناسب ہے۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات اور پی ٹی آئی کے انتخابی نشان اور ان کے متعلق الیکشن کمیشن کے حتمی فیصلوں کے دفاع کا بھی کیا ہے۔ جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کے ایک غیر عملی ڈی وی آئنز پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات سے متعلق انہوں نے مخصوص نشستوں سے متعلق اپنے فیصلوں کا دفاع کیا ہے۔ جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کا